## سوال

بچا ماں کے پیٹ مں کب تک رھتا ھے

## جواب

بچہ ماں کے پیٹ میں کب تک رہتا ہے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا طلاق 1989ء میں ہوا پھر 1990ء میں دوسرا نکاح ہوا اور بیٹا 1991ء کو پیدا ہوا لیکن وہ پورا شکل وصورت میں میرے پہلے خاوند جیسا ہے اب پوچھنا یہ کہ بچہ ماں کے پیٹ میں کب تک رہتا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! عمومی حالت تو یہی ہے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں نو ماہ کم وبیش رہتا ہے ۔ اور زیادہ سے زیادہ مدت میں اہل علم کے ہاں اختلاف پایا جاتا ہے ۔ اور اگر اس دوران آپ کو مینسز وغیرہ آتے رہے ہیں تو پیٹ میں کسی حمل کا وجود نا ممکن ہے ۔ لہذا یہ بچہ بعد والے خاوند کا ہی ہے ۔ ہاں البتہ بسا اوقات یہ ہو جاتا ہے کہ بچہ رشتہ داروں میں سے کسی کی بھی شکل پر جا سکتا ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی